GREEK COUNCIL FOR REFUGEES

Urdu

# حراست کے دوران آپ کے حقوق

# مجھے حراست میں کیوں لیا گیا ہے؟



یونانی قانون کے مطابق، تیسری دنیا سے تعلق رکھنے والے ممالک کے شہریوں کو ان کے اصل ممالک میں یا کسی تیسرے ملک (مثلاً ترکی) میں واپس بھیجنے کے لیے یا ان کے زیر غور اسائلم کے لیے حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔

پولیس کو لازمی طور پر چاہیئے کہ وہ آپ کو تحریری فیصلہ دے جس کی بنیاد پر آپ کی حراست کا فیصلہ کیا گیا تھا اور جس میں آپ کی حراست کی وجوہات کی وضاحت ہو۔ آپ کو حق ہے کہ پولیس کو فیصلے کے بنیادی حصوں کا ترجمہ/وضاحت اس زبان میں کرنے کے لیے کہیں جو آپ سمجھتے ہیں۔ اگر آپ کو صحت کے مسائل (مثلاً سنگین بیماری یا معذوری، ذہنی صحت کے مسائل، حمل، فارماسوٹیکل علاج کے انتظام وغیرہ) کا سامنا ہو تو براہ مہربانی وہاں موجود پولیس کو بتائیں اور ڈاکٹر سے ملنے کا کہیں۔

حراست کے دوران آپ کو اپنے خرچے پر کسی وکیل سے مشاورت کرنے کا حق حاصل ہے۔ حراست کے دوران آپ کو قانونی کارروائی شروع کرنے(عدالت سے بات کرنے) کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ حراست کے دوران قانونی کارروائیوں کا آغاز چاہتے ہیں تو ایسی صورت میں ریاست بلامعاوضہ وکلاء فراہم نہیں کرتی۔ چند غیر حکومتی ادارے بلامعاوضہ قانونی مشاورت ( بلا معاوضہ وکیل) فراہم کرتے ہیں۔ براہ مہربانی یہ جاننے کے لیے ان سے رابطہ کریں کہ کیا وہ آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

قانونی مشاورت و معاونت کی پیشکش کرنے والے اداروں کی فہرست کے لیے ذیل میں دیا گیا لنک وزٹ کریں:

**https://help.unhcr.org/greece/el/where-to-seek-help/other-services/**



اپنے دوستوں اور/یا رشتہ داروں کو اس حراستی فیسلٹی کے متعلق آگاہ کریں جہاں آپ کو رکھا گیا ہے، تا کہ وہ آپ کے لئے مدد حاصل کر سکیں۔



جلد از جلد وکیل کی مدد حاصل کرنے کی کوشش کریں۔



پولیس کی جانب سے آپ کو فراہم کردہ تمام دستاویزات کے علاوہ ممکنہ طور پر کارآمد تمام ذاتی دستاویزات (جیسے شناختی کارڈ) اکٹھی کریں۔

## حراست کے دورانی اسائلم کا طریقہ کار

جب آپ کو یہ بتا دیں گے کہ آپ اسائلم چاہتے ہیں تو اسائلم سروس آپ کے دعوے کو ریکارڈ کرے گی اور آپ کو انٹرویو کے لیے تاریخ دے گی۔

انٹرویو آپ کی درخواست کے نتیجے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ انٹرویو کے دوران آپ کو واضح طور پر اور مکمل تفصیل سے وہ وجوہات بتانی چاہیئں کہ آپ اپنے اصل ملک کو چھوڑنے پر کیوں مجبور ہوئے اور آپ واپس کیوں نہیں جانا چاہتے۔ اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ اپنے اصل ملک میں خطرے میں ہیں تو آپ تمام وجوہات کے متعلق تفصیلی طور پر بتائِں کہ آپ کو یہ یقین کیوں ہے۔ آپ کا وکیل انٹرویو کے دوران موجود ہو سکتا ہے۔

**1**

آپ کے اسائلم دعوے کا جائزہ لینے کے تمام مراحل پر، آپ اسائلم سروس سے مترجم مانگنے کے حقدار ہیں۔ اگرآپ مترجم کو نہ سمجھ سکیں تو سروس کو اس کے متعلق بتائیں اور ایسے مترجم کی درخواست کریں جو سمجھ سکتا ہو۔

**2**

اسائلم کا عمل خفیہ اورمخصوص ہے۔ اپنے اسائلم دعوے کے جائزے کے دوران آپ جو کچھ بتائیں گے، اس کے بارے میں آپ کے اصل ملک کے اداروں کو کسی بھی وجہ سے بتانا منع ہے۔

**3**

اگر آپ کے پاس شناختی کارڈ، طبی یا دیگر دستاویزات ہیں تو براہ مہربانی انہیں اسائلم سروس کے پاس جمع کروائیں۔

## حراست کے دوران آپ کو اسائلم کی درخواست دینے کا حق حاصل ہے۔

واپسی (جلا وطنی)/ ملک بدری کے باعث حراست میں رکھا گیا کوئی بھی فرد اسائلم کی درخواست دینے کا حقدار ہے۔ اسائلم کی درخواست دینے کے لیے **آپ کو وکیل کی مدد لینے کی ضرورت نہیں ہے۔**

چاہتے ہیں-(«ASILO») جب آپ حراست میں ہوں تو پولیس کو بتائیں کہ آپ اسائلم پولیس آپ کی خواہش کا اندراج کرے گی اور اسائلم سروس کو مطلع کرے گی۔

**جس لمحے آپ اسائلم کا دعوی کرنے کی خواہش کا اظہار کریں گے، اس لمحے سے آپ کسی بھی صورت اس وقت تک ملک بدری سے محفوظ ہو جائیں گے**،جب تک آپ کو اپنے اسائلم کے دعوے پر پہلا فیصلہ نہ مل جائے۔ اگر آپ کی درخواست رد ہو جائے تو بھی آپ دوسرے موقع (اپیل) کا فیصلہ آنے تک یونان میں رہ سکتے ہیں۔ اسائلم سروس سے کہیں کہ وہ آپ کو اس متعلق آگاہ کرے۔



اپیلوں کا جائزہ لینے والی اتھارٹِی (اپیل اتھارٹی) عام طور پر آپ کو انٹرویو کے لیے نہیں بلائے گی۔ آپ کی اپیل کا جائزہ انٹرویو میں کہی جانے والی آپ کی باتوں اور اپیل میں آپ کی صراحت کردہ وجوہات کی بنیاد پر لیا جائے گا۔ اگر آپ کے پاس اضافی معلومات ہیں، تو آپ کو یہ معلومات اپنی اپیل کا جائزہ لیے جانے سے قبل زیادہ سے زیادہ تین دن کے اندر اپیل کمیٹی کو بھیجنی/ جمع (مثلا وکیل کے ذریعے) جمع کروانی ہوں گی۔

اگر اپیل کمیٹی کا فیصلہ (ثانوی فیصلہ) مثبت ہے تو آپ آزاد (کر دیئے جاتے) ہیں اور آپ کو یونان میں قیام کا اجازت نامہ جاری کیا جائے گا۔

اگر ثانوی فیصلہ مخالف/منفی ہے تو آپ کو عدالت میں قانونی چارہ جوئی کا حق ہوتا ہے. اس کے لیے آپ کو وکیل کی ضرورت ہو گی. چند ادارے آپ کو دستیابی کی بنیاد پر بلامعاوضہ قانونی معاونت فراہم کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں. براہ مہربانی ان سے رابطہ کرکے پتہ کریں کہ کیا وہ آپ کی مدد کر سکتے ہیں.

بلامعاوضہ قانونی مشاورت اور معاونت فراہم کرنے والے اداروں کی فہرست کے لیے مندرجہ ذیل لنک کو وزٹ کریں:
**https://help.unhcr.org/greece/where-to-seek-help/other-services/**

**قانونی طور پر صراحت شدہ زیادہ سے زیادہ مدت سے زائد عرصہ تک آپ کو حراست میں رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔**

یونانی قانون کے مطابق، کسی شخص کو ملک بدری سے قبل زیادہ سے زیادہ 6 مہینوں تک حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔ خصوصی صورتوں میں، یہ مدت حراست کے دن سے 18 مہینوں تک ہو سکتی ہے۔

اگر آپ کو اس لیے حراست میں رکھا گیا ہے کہ آپ کے اسائلم دعوے پر غور کیا جانا ہے تو آپ کو ابتدائی طور پر ۵۰ دنوں تک حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔ اس مدت میں اسائلم کے لیے آپ کی درخواست دینے کی تاریخ سے لے کر ۱۸ مہینوں تک توسیع کی جا سکتی ہے۔ پولیس اور اسائلم سروس کی وجہ سے ہونےو الی تاخیر کی بناء پر آپ کو زیادہ عرصے حراست میں رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

انٹرویو کے بعد، اسائلم سروس (اولین/پہلا فیصلہ) کرے گی۔ آپ کو فیصلے کے مندرجات اور اس حتمی تاریخ کے متعلق مطلع کیا جانا لازمی ہو گا جس تاریخ تک آپ کو فیصلہ منفی ہونے کی صورت میں اپنی سمجھ میں آنے والی زبان میں فیصلے کے خلاف اپیل کرنی ہو گی۔

اگر پہلا فیصلہ **مثبت** (آپ کے حق میں) ہے تو آپ آزاد (کر دیئے جاتے) ہیں۔ اسائلم سروس آپ کو وہ طریقہ کار بتائے گی جو آپ کو اپنے قیام کا اجازت نامہ حاصل کرنے کے لیے اختیار کرنا ہے۔

اگر اولین فیصلہ **مخالف/منفی** (آپ کے خلاف) ہے تو آپ اپیل کے حقدار ہیں۔ چند صورتوں میں، اولین فیصلے کے بعد آپ ملک بدری سے محفوظ نہیں ہوتے۔ ایسی صورت میں، مخالف فیصلے کے خلاف اپیل کے ساتھ، آپ کو یہ درخواست کرنے کی بھی ضرورت ہو گی کہ ثانوی فیصلہ آنے تک آپ کو ملک بدر نہ کیا جائے۔

اپیل دائر کرنے کی حتمی تاریخ **مخالف/منفی فیصلے کی دستاویز کے نچلے حصے میں مذکور ہے۔** اگر آپ اپیل کرتے ہیں تو اپیل اتھارٹی آپ کی اسائلم کی درخواست کا مخصوص تاریخ پر دوبارہ جائزہ لے گی۔یک تاریخ مشخص توسط مرجع تجدیدنظر بررسی می شود.

## توجہ فرمائیں!

**اپنی اپیل دائر کرنے میں وکیل کی معاونت حاصل کرنا اہم ہے۔ درخواست کی صورت میں، اسائلم سروس پابند ہے کہ اگر آپ اپیل دائر کرتے ہیں تو آپ کو بلا معاوضہ وکیل فراہم کرے۔**

**اسائلم سروس سے درخواست کریں کہ وہ اپیل دائر کرنے کے سلسلے میں آپ کے لیے بلامعاوضہ وکیل تعینات کرے۔**

اگر وکیل تعینات نہیں کیا جاتا اور بالآخر آپ خود اپیل دائر کرتے ہی تو اسائلم سروس سے درخواست کریں کہ وہ ریکارڈ کرے کہ وکیل کی فراہمی کے لیے آپ کی خصوصی درخواست کے باوجود آپ کو وکیل فراہم نہیں کیا گیا تھا۔

# خاندان سے ملنے کا آپ کا حق

اگر آپ تنہا نابالغ فرد یعنی ۱۸ سال سے کم عمر ہیں اور آپ کے والدین یونان میں نہی ہیں تو آپ کو جلد از جلد حراستی مرکز سے بچوں کی دیکھ بھال کے مقام پر منتقل کر دیا جائے گا۔ بچوں کی دیکھ بھال کے مقام پر منتقل ہونے تک کے وقت کا انحصار تنہا نابالغ بچوں کی میزبانی کے لیے جگہ کی دستیابی ہونے پر ہے۔ اکثر تاخیر ہوتی ہے۔

اگر آپ تنہا نابالغ ہیں لیکن پولیس نے غلطی سے آپ کا اندراج بطور بالغ فرد کیا ہے تو حراستی مرکز میں کسی ذمہ دار آفیسر(مثلا ڈاکٹر، سماجی کارکن، اسائلم سروس اور پولیس) کواپنی درست عمر کے متعلق بتائیں اور اگر ہو سکے تو آپ انہیں اپنی درست عمر کو ثابت کرنے والی کوئی دستاویز (مثلاً پیدائش نامہ، فیملی بک یا کوئی اور چیز) دکھائیں۔

اگر آپ **بالغ ہیں** اور آپ کی بیوی اور کم سن بچے

اگر آپ **تنہا نابالغ** ہیں (سال سے کم عمر 18 ) اور(مندرجہ ذیل میں سے ایک ہیں) ماں، باپ، بہن بھائی، چچا/چچی

کسی اور یورپی ملک، سوئٹزرلینڈ یا ناروے میں ہیں تو حفاظتی حیثیت( اسائلم کے طلبگار، تسلیم شدہ مہاجر وغیرہ) کے تحت آپ **کو خاندان سے اس ملک میں ملنے کا حق ہے جہاں وہ ہیں۔**

خاندان کی ملاقات کا عمل اسائلم سروس سرانجام دیتی ہے۔ اسائلم سروس کی جانب سے آپ کے اسائلم دعوے کے اندراج کے وقت، براہ مہربانی انہیں بتائیں کہ آپ اپنے خاندان کے اراکین سے دوبارہ ملنا چاہتے ہیں اور انکے رہائش والے ملک اور حیثیت کے متعلق تفصیلات فراہم کریں۔ کسی اور ملک میں رہنے والے آپ کے **خاندان کے افراد کی دستاویزات کی نقول** اوراس کے ساتھ ساتھ ان افراد سے آپ کے تعلق کی وضاحت کرنے والی دستاویزات (مثلا پیدائش نامے، نکاح نامے وغیرہ ) کا ہونا فائدہ مند ہے



اپنی حراست کے دوران آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کے دوست اور/یا رشتہ دار آپ سے ملاقات کے لیے آئیں۔ خود کو ملاقات کے اوقات اور ملنے کے سلسلے میں اختیار کیے جانے والے طریقہ کار سے متعلق آگاہ رکھیں۔

آپ کے رشتہ دار اور دوست آپ کو حراست کی مدت کے دوران رقم بھیج سکتے ہیں۔ پولیس سے پوچھیں کہ اس سلسلے میں کیا طریقہ کار ہے۔

آپ تکریمی سلوک کے حقدار ہیں۔ زیر حراست افراد کے ساتھ بدسلوکی کے ساتھ ساتھ کسی قسم کی نسل پرستانہ، امتیازی یا بدیسیوں سے نفرت انگیز رویے یا حرکت کی قانونی طور پرممانعت ہے۔

آپ اپنے حراستی حالات کے متعلق، اپنے ساتھ ممکنہ بدسلوکی اور/یا نسل پرستانہ سلوک کے متعلق دفتر محتسب کو اطلاع دے سکتے ہیں۔

محتسب ایک آزاد منصب/ادارہ ہے جو آپ کی اطلاع پر تحقیق کرے گا۔

حراست ختم ہونے کے بعد آپ محتسب ہیڈ کوارٹرز (۱۷ Halkokondyli Street, Postal Code ۳۲ ۱۰٤ Athens) میں شخصی طور پر اطلاع دے سکتے ہیں یا:

– برقی طور پر اس پتے پر دے سکتے ہیں
https://www.synigoros.gr/?i=submission-system.en-

- ڈاک کے ذریعے اس پتے پر بھیج سکتے ہیں «Halkokondyli ۱۷, Postal Code ۳۲ ۱۰٤ Athens» یا

فیکس کے ذریعے ان نمبروں پر روانہ کر سکتے ہیں (+ ۳۰) ۲۱۳ ۱۳۰٦ ۸۰۰ -
- (+ ۳۰) ۲۱۰ ۷۲۹۲ ۱۲۹

# مہذب اور انسانی حراستی حالات

جتنا عرصہ آپ حراست میں رہیں گے، آپ کو **مہذب اور انسانی حراستی حالات** کا حق حاصل ہے۔ مثال کے طور پر آپ کو مندرجہ ذیل حقوق حاصل ہیں:



ہم آپ کو یہ بتاتے چلیں کہ ہر ایک حراستی مرکز پر مختلف حالات ہوتے ہیں۔ مزید برآں، درحقیقت، بہت سی سہولیات جو دستیاب ہونی چاہیئں تھیں (مثلاً مترجم، ڈاکٹر وغیرہ) وہ بہت محدود یا غیر دستیاب ہو سکتی ہیں۔

مختلف حراستی مراکز میں حراستی حالات کے متعلق مزید جاننے کے لیے اور اپنے حراستی حالات کے متعلق اطلاع دینے کے لیے
https://borderlandscapes.law.ox.ac.uk/ وزٹ کریں۔

**مجھے کہاں حراست میں رکھا گیا ہے؟**

مئی ۲۰۲۰ میں دستیاب اعداد وشمار کے مطابق )یونان میں بیدخلی سے قبل ۸) حراستی مراکز(PRDC) ہیں:

PRDC ٹیوروس : Petrou Ralli 24, Athens 118 54

PRDC امیگدالیزا: Leoforos Thrakomakedonon 101, Acharnai Postal Code 13674

PRDC کورینتوس: Examilion 3, Korinthos, Postal Code 20100

PRDC پیرانسیٹ: Drama, Postal Code 660 35


PRDC ژانتھی: Postal Code 671 00

PRDC فلیکیو: Orestiada, Postal Code 680 06

PRDC موریہ لیسوس: پوسٹل کوڈ 811 00

PRDC کوس، پائلی، پوسٹ کوڈ 853 01

مذکورہ بالا حراستی مراکز کے علاوہ، غیر ملکی شہریوں کو یونان بھر کے پولیس سٹیشنوں اور پولیس کی عمارات میں بھی حراست میں رکھا جاتا ہے۔



## آپ کی حراست ختم ہونے کے بعد

اگر آپ نے اپنی حراست کے دوران اسائلم کے لیے درخواست جمع نہیں کروائی ہے تو پولیس آپ کو ایک دستاویز دے گی جس کے ذریعے آپ ملک میں محدود مدت کے لیے قیام کرسکیں گے۔ اگر آپ نے اس دوران اسائلم یا قیام کے سلسلے میں کسی اور قسم کے اجازت نامے کے لیے درخواست نہیں دی تو اس مدت کے بعد، آپ کو گرفتار کرکے دوبارہ حراست میں رکھا جا سکتا ہے۔

آپکی حراست ختم ہونے کے بعد، آپ اسائلم سروس میں اسائلم کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ مندرجہ ذیل پتے سے اس بارے میں مزید معلومات لے سکتے ہیں کہ اسائلم کے لیے آپ کہاں درخواست دے سکتے ہیں:

**https://help.unhcr.org/greece/where-to-seek-help/greek-asylum-service/**

اگر آپ نے اپنی حراست کے دوران اسائلم کے لیے درخواست دی ہے اور تاحال آپ کی حراست ختم ہونے تک اسائلم کے دعوے کو زیر غور نہیں لایا گیا تو آپ کو مجاز اسائلم سروس کے پاس رپورٹ کرنے کے لیے ایک دستاویز دی جائے گی۔ یقینی بنائیں کہ اسائلم کے طریقہ کار کے عمل میں آپ کو اپنے فرائض کا علم ہو (مثلاً مخصوص تاریخوں پر اسائلم سروس کے سامنے حاضر ہونا)؛ ورنہ آپ کی درخواست کا تجزیہ معطل ہو سکتا ہے یا آپ کی درخواست رد ہو سکتی ہے۔



اسائلم کے قوانین اور طریقہ کار اکثر تبدیلی کے تابع ہوتے ہیں۔ یہ اہم ہے کہ آپ کی معلومات قابل بھروسہ ہو۔ اپنی درخواست کے تجزیے کو معطل ہونے سے بچانے یا اپنی درخواست کی مستردگی سے گریز کرنے کے لئے طریقہ کار اور اپنے فرائض کے متعلق باخبر رہنے کی کوشش کریں۔

GREEK COUNCIL FOR REFUGEES

25, Solomou str., Athens, 10682
T: +30 210 3800990
E-mail: gcr1@gcr.gr
Website: www.gcr.gr
Facebook:/gcr.gr
Twitter: @GCRefugees

BORDER CRIMINOLOGIES

This publication was funded and supported by Border Criminologies, an international research network at the Centre for Criminology, University of Oxford. Funding came from Open Society Foundations and the ERSC Impact Acceleration Accounts at Oxford